# واعظ/واعظہ (فرسٹ سمیسٹر)

## 1- قرآن

**سلیبس ماڈل پیپر 1:** (i) ترجمہ قرآن۔ سورۃ الحمد و سورۃ البقرہ (آیت 1تا39) (ii) منتخب آیات کی تفسیر

☆ سورۃ الحمد کی درج ذیل منتخب آیات کا ترجمہ، معتبر شیعہ و سنی کم از کم دو دو تفاسیر کی روشنی میں تفسیر، صرفی و نحوی قواعد اور اہم موضوعات کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے۔

(1) آیت نمبر 1- بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ موضوع: نقطہ بائے بِسۡمِ اللّٰہِ سے مراد۔

(2) آیت نمبر 4- اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ موضوع: کیا تعظیم ضرائح مقدسہ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ کے منافی نہیں۔ اللہ کے علاوہ کسی اور سے مدد مانگنا جیسے یا علیؑ مدد کہنا کیسے درست ہے، اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ کی روشنی میں بیان کریں؟

(3) آیت نمبر 5- اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ موضوع: صراط مستقیم سے مراد کون؟

(4) آیت نمبر 6- صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ
موضوع: الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ کون ہیں، الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ اور الضَّآلِّیۡنَ کون ہیں؟

☆ سورۃ البقرۃ کی درج ذیل منتخب آیات کا ترجمہ، معتبر شیعہ و سنی کم از کم پانچ پانچ تفاسیر کی روشنی میں تفسیر، صرفی و نحوی قواعد اور اہم موضوعات کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے۔

(5) آیت 1- الٓمّٓ موضوع: حروف مقطعات

(6) آیت 2- ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ لَا رَیۡبَ فِیۡہِ ھُدًی لِّلۡمُتَّقِیۡنَ موضوع: الۡمُتَّقِیۡنَ سے مراد۔ کیا متقین شیعان علیؑ ہیں؟

(7) آیت 3- الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَیۡبِ ...... یُنۡفِقُوۡنَ موضوع: اَلۡغَیۡب کا معنیٰ و مفہوم۔
کیا اس سے حضرت امام زمانہؑ کی غیبت مراد لی جاسکتی ہے؟

(8) آیت 7- خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوۡبِہِمۡ .......... عَذَابٌ عَظِیۡمٌ موضوع: مسئلہ قضاء و قدر

(9) آیت 8- وَ مِنَ النَّاسِ .............. وَ مَا ھُمۡ بِمُؤۡمِنِیۡنَ موضوع: منافقین کا ذکر

(10) آیت 21- یٰۤاَیُّھَا النَّاسُ اعۡبُدُوۡا .......... لَعَلَّکُمۡ تَتَّقُوۡنَ موضوع: عبادت کی دعوت عام

(11) آیت 24- فَاِنۡ ...... وَقُوۡدُھَا النَّاسُ وَ الۡحِجَارَۃُ اُعِدَّتۡ لِلۡکٰفِرِیۡنَ موضوع: جہنم کا ایندھن انسان اور پتھر

(12) آیت 26- اِنَّ اللّٰہَ ......... یُضِلُّ بِہٖ کَثِیۡرًا وَّ یَہۡدِیۡ بِہٖ کَثِیۡرًا ؕ وَ مَا یُضِلُّ بِہٖۤ اِلَّا الۡفٰسِقِیۡنَ
موضوع: جبر اور تفویض کی بحث۔ مخلوق کے افعال کا تعلق خالق سے۔

(13) آیت 28- کَیۡفَ ... وَ کُنۡتُمۡ اَمۡوَاتًا فَاَحۡیَاکُمۡ ۚ ... تُرۡجَعُوۡنَ موضوع: زندگی سے پہلے موت کا ذکر۔ تناسخ اور ارواح کا پلٹ آنا۔

(14) آیت 30- وَ اِذۡ قَالَ رَبُّکَ لِلۡمَلٰٓئِکَۃِ اِنِّیۡ جَاعِلٌ فِی الۡاَرۡضِ خَلِیۡفَۃً ...... قَالَ اِنِّیۡۤ اَعۡلَمُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ۔
موضوع: ذکر خلقت آدمؑ۔ فرشتوں سے خدا کا خطاب اور فرشتوں کے اظہارات۔ زمین میں خدا کا نمائندہ: انسان

(15) آیت 31- وَ عَلَّمَ اٰدَمَ الۡاَسۡمَآءَ کُلَّھَا ثُمَّ عَرَضَھُمۡ عَلَی الۡمَلٰٓئِکَۃِ فَقَالَ اَنۡۢبِـُٔوۡنِیۡ بِاَسۡمَآءِ ھٰۤؤُلَآءِ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ۔
موضوع: حضرت آدمؑ کو تعلیم اسماء۔ خلافت الٰہیہ کے استحقاق کی حامل شخصیات۔

**(16)** آیت 34۔ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ اَبٰی وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ۔

موضوع: حضرت آدمؑ کے سجدے کا حکم اور ابلیس کا انکار۔ سجدہ تعظیمی تھا؟ سجدہ خدا کے لیے تھا یا آدم کے لیے؟

**(17)** آیت 35۔ وَقُلْنَا یٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ ...... هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ موضوع: جنت میں قیام کرنے کا حکم۔ حضرت آدمؑ کس جنّت میں تھے۔ تحقیق شجرہ۔ خدا کی حکم عدولی ظلم ہے۔ حضرت آدمؑ کی خطا سے مراد۔ حضرت آدمؑ کا گناہ کیا تھا؟

**(18)** آیت 36۔ فَاَزَلَّهُمَا الشَّیْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِیْهِ ....... اِلٰی حِیْنٍ۔ موضوع: شیطان کا بہکاوہ۔ قرآن میں شیطان سے کیا مراد ہے؟ حضرت آدمؑ کا جنت سے خروج۔ ابلیس کی آدمؑ تک رسائی کا مسئلہ۔ بہشت میں حضرت آدمؑ کے قیام کی مدت۔

**(19)** آیت 37۔ فَتَلَقّٰٓی اٰدَمُ .... فَتَابَ عَلَیْهِ ... الرَّحِیْمُ۔　موضوع: قبولِ توبہ حضرت آدمؑ۔ پنجتن پاکؑ کے واسطے سے طلب مغفرت۔

## ماڈل پیپر 1

(تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

**1**۔ درج ذیل اجزاء میں سے کوئی تین کا ترجمہ اور تفسیر شیعہ و سنی معتبر تفاسیر کی روشنی میں بیان کریں اور ان تفاسیر کا حوالہ بھی دیں۔ نیز خط کشیدہ الفاظ کے معانی بیان کریں؟ (نوٹ: تفسیر مختصر مگر جامع ہونی چاہیے)

(i) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِیْنَ أَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ

(ii) خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰی سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ۔

(iii) وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ مَا هُم بِمُؤْمِنِیْنَ۔

(iv) وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا وَلَهُمْ فِیْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ۔

(v) وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِكُ الدِّمَآءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ قَالَ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔

**2**۔ درج ذیل افعال میں سے دس کے صیغے، زمانہ اور معانی بیان کریں؟

اِهْدِنَا۔ أَنْعَمْتَ۔ خَتَمَ۔ یَقُوْلُ۔ اٰمَنَّا۔ بَشِّرْ۔ تَجْرِیْ۔ رُزِقُوْا۔ قَالَ۔ تَجْعَلُ۔ یُفْسِدُ۔ یَسْفِكُ۔ نُسَبِّحُ۔ نُقَدِّسُ۔ لَا تَعْلَمُوْنَ۔

**3**۔ درج ذیل عناوین میں سے کوئی دو کی شیعہ اور سنی تفاسیر کی روشنی میں مختصر مگر جامع وضاحت کریں، تفاسیر کا حوالہ دینا بھی ضروری ہے؟

(i) پنجتن پاکؑ کے واسطے سے حضرت آدمؑ کی طلب مغفرت۔ (ii) خلافت الٰہیہ کے استحقاق کی حامل شخصیات۔

(iii) سجدہ خدا کے لیے تھا یا حضرت آدمؑ کے لیے　(iv) مسئلہ قضاء و قدر۔　(v) تحقیق شجرہ

## شفاھی (زبانی) امتحان۔ Viva

(1) ترجمہ: کوئی سی 2 آیات

(2) منتخب آیات میں سے کوئی سی 2 آیات کی تفسیر۔
(تفسیر بیان کرتے وقت کم از کم 2 شیعہ تفاسیر اور 2 سنی تفاسیر کا حوالہ دینا لازمی ہے)

(3) کوئی سے 10 مشکل الفاظ کے معانی۔

(4) کوئی سے 10 افعال کا معنی، صیغہ، زمانہ۔

(5) سیلبس میں مذکور عناوین میں سے کوئی سے دو عناوین پر زبانی گفتگو۔
(گفتگو کے آغاز میں یہ وضاحت کرنا ضروری ہے کہ کون کون سی شیعہ تفسیر اور کون کون سے سنی تفسیر کی روشنی میں آپ یہ گفتگو کر رہے ہیں)

(6) پانچ معتبر شیعہ تفاسیر کے نام، ان کے مصنفین اور وہ کس دور میں لکھی گئیں؟
پانچ معتبر سنی تفاسیر کے نام، ان کے مصنفین اور وہ کس دور میں لکھی گئیں؟

# 2۔ نهج البلاغه

## ماڈل پیپر 1

(تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

(**سلیبس:** (i) **خطبہ 1**۔ الحمد للہ الذی..... ورقیم مائر۔ (ii) **کلمات قصار:** 7 (iii) سوانح حیات سید رضیؒ)

**1**۔ درج ذیل اجزاء میں سے کوئی تین کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بیان کریں؟

(i) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَا یَبْلُغُ مِدْحَتَهُ الْقَائِلُوْنَ، وَلَا یُحْصِیْ نَعْمَاءَهُ الْعَادُوْنَ، وَلَا یُؤَدِّیْ حَقَّهُ الْمُجْتَهِدُوْنَ (الْجَاهِدُوْنَ)، الَّذِیْ لَا یُدْرِکُهُ بُعْدُ الْهِمَمِ، وَلَا یَنَالُهُ غَوْصُ الْفِطَنِ۔

(ii) فَاعِلٌ لَا بِمَعْنَی الْحَرَکَاتِ وَالْآلَةِ، بَصِیْرٌ إِذْ لَا مَنْظُوْرَ إِلَیْهِ مِنْ خَلْقِهِ، مُتَوَحِّدٌ إِذْ لَا سَکَنَ یَسْتَأْنِسُ بِهِ، وَلَا یَسْتَوْحِشُ لِفَقْدِهِ

(iii) أَنْشَأَ الْخَلْقَ إِنْشَاءً، وَابْتَدَأَهُ ابْتِدَاءً، بِلَا رَوِیَّةٍ أَجَالَهَا، وَلَا تَجْرِبَةٍ اسْتَفَادَهَا، وَلَا حَرَکَةٍ أَحْدَثَهَا، وَلَا هَمَامَةِ نَفْسٍ اضْطَرَبَ فِیْهَا۔

(iv) ثُمَّ زَیَّنَهَا بِزِیْنَةِ الْکَوَاکِبِ وَضِیَاءِ الثَّوَاقِبِ، وَأَجْرٰی فِیْهَا سِرَاجًا مُسْتَطِیْرًا، وَقَمَرًا مُّنِیْرًا، فِیْ فَلَكٍ دَائِرٍ، وَسَقْفٍ سَائِرٍ، وَرَقِیْمٍ مَائِرٍ،

**2**۔ درج ذیل اجزاء میں سے کوئی دو کا ترجمہ اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بیان کریں؟

(i) قَالَ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ: "کُنْ فِی الْفِتْنَةِ کَابْنِ اللَّبُوْنِ، لَا ظَهْرٌ فَیُرْکَبَ، وَلَا ضَرْعٌ فَیُحْلَبَ (فیحتلب)"

(ii) قَالَ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ: "أَزْرٰی بِنَفْسِهِ مَنِ اسْتَشْعَرَ الطَّمَعَ، وَ رَضِیَ بِالذُّلِّ مَنْ کَشَفَ عَنْ ضُرِّهِ، وَهَانَتْ عَلَیْهِ نَفْسُهُ مَنْ أَمَّرَ عَلَیْهَا لِسَانَهُ۔"

(iii) قَالَ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ: "صَدْرُ الْعَاقِلِ صُنْدُوْقُ سِرِّهِ، وَالْبَشَاشَةُ حِبَالَةُ الْمَوَدَّةِ، وَالْاِحْتِمَالُ قَبْرُ الْعُیُوْبِ (أَوْ) وَالْمُسَالَمَةُ خِبَاءُ الْعُیُوْبِ۔"

**3**۔ درج ذیل افعال میں سے کوئی دس کے صیغے، زمانہ اور معانی بیان کریں:

لَا یَبْلُغُ، یَسْتَأْنِسُ، أَنْشَأَ، زَیَّنَ، لَا یُؤَدِّیْ، کُنْ، یُرْکَبَ، اِسْتَشْعَرَ، رَضِیَ، هَانَتْ، أَمَّرَ، أَزْرٰی، یُحْلَبَ، أَجْرٰی، اِسْتَفَادَ۔

**4**۔ سید رضیؒ کی سوانح حیات پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں؟

**5**۔ حضرت علیؑ علیہ السلام کے خطبے کی روشنی میں درج ذیل دو اجزاء میں سے کسی ایک پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں:

(i) اللہ کی حمد　　(ii) کائنات کی تخلیق

## شفاھی امتحان۔ Viva

(1) خطبہ 1 اور کلمات قصار کی مشق 1 کے مجوزہ سلیبس میں سے عربی کا ترجمہ، کوئی تین جگہ سے۔

(2) مشکل الفاظ کے معانی۔ کوئی سے 10 الفاظ کے معانی پوچھے جائیں گے۔

(3) کوئی سے 10 افعال کا صیغہ، زمانہ اور معنی پوچھا جائے گا۔

(4) حضرت علیؑ کے پہلے خطبے کے اہم نکات۔

# 3۔ صحیفہ کاملہ

## ماڈل پیپر 1

(تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

(**سلیبس:** (i) **دعا 1۔** یشھدہ المقربون تک۔ (ii) حضرت امام زین العابدینؑ بارگاہ معبود میں)

**1**۔ درج ذیل اجزاء میں سے کوئی دو کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بیان کریں؟

(i) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْاَوَّلِ بِلَا اَوَّلٍ كَانَ قَبْلَهُ، وَالْاٰخِرِ بِلَا اٰخِرٍ يَكُوْنُ بَعْدَهُ، الَّذِىْ قَصُرَتْ عَنْ رُؤْيَتِهِ اَبْصَارُ النَّاظِرِيْنَ، وَعَجَزَتْ عَنْ نَعْتِهِ اَوْهَامُ الْوَاصِفِيْنَ۔

(ii) ثُمَّ ضَرَبَ لَهُ فِى الْحَيٰوةِ اَجَلًا مَوْقُوْتًا، وَنَصَبَ لَهُ اَمَدًا مَحْدُوْدًا، يَتَخَطَّأُ اِلَيْهِ بِاَيَّامِ عُمُرِهِ، وَيَرْهَقُهُ بِاَعْوَامِ دَهْرِهِ، حَتّٰى اِذَا بَلَغَ اَقْصٰى اَثَرِهِ، وَاسْتَوْعَبَ حِسَابَ عُمُرِهِ، قَبَضَهُ اِلٰى مَا نَدَبَهُ اِلَيْهِ مِنْ مَوْفُوْرِ ثَوَابِهِ اَوْ مَحْذُوْرِ عِقَابِهِ، لِيَجْزِىَ الَّذِيْنَ اَسَاءُوْا بِمَا عَمِلُوْا، وَيَجْزِىَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى عَدْلًا مِنْهُ۔

(iii) حَمْدًا يُضِيْءُ لَنَا بِهِ ظُلُمَاتِ الْبَرْزَخِ، وَيُسَهِّلُ عَلَيْنَا بِهِ سَبِيْلَ الْمَبْعَثِ، وَيُشَرِّفُ بِهِ مَنَازِلَنَا عِنْدَ مَوَاقِفِ الْاَشْهَادِ، يَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ، يَوْمَ لَا يُغْنِىْ مَوْلًى عَنْ مَوْلًى شَيْئًا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ۔

**2**۔ درج ذیل افعال میں سے کوئی دس کے صیغے، زمانہ اور معانی بیان کریں؟

يَكُوْنُ، قَصُرَتْ، عَجَزَتْ، ضَرَبَ، نَصَبَ، يَتَخَطَّأُ، يَرْهَقُ، اِسْتَوْعَبَ،

قَبَضَ، نَدَبَ، اَسَاءُوْا، يَجْزِىْ، يُسَهِّلُ، يُشَرِّفُ، يُنْصَرُوْنَ۔

**3**۔ حضرت امام زین العابدینؑ بارگاہ معبود میں کے عنوان پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں؟

**4**۔ حضرت امام زین العابدینؑ کی پہلی دعا کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی کم از کم 10 صفات کا تذکرہ کریں؟

## شفاھی امتحان۔Viva

(1) دعا 1 کی مشق 1 کے مجوزہ سلیبس میں سے عربی کا ترجمہ، کوئی تین جگہ سے۔

(2) مشکل الفاظ کے معانی۔ کوئی سے 10 الفاظ کے معانی پوچھے جائیں گے۔

(3) کوئی سے 10 افعال کا صیغہ، زمانہ اور معنی پوچھا جائے گا۔

(4) حضرت امام زین العابدینؑ کی پہلی دعا کے اہم نکات۔

# 4۔ اللمعة الدمشقية

## ماڈل پیپر 1

(تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5: کل نمبر 25)

(**سلیبس**: (i) کتاب الطہارت مسئلہ 1تا8　　(ii) شہید اول کی مختصر سوانح حیات)

**1**۔ مندرجہ ذیل 3 مسئلوں میں سے کوئی سے دو کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کریں؟

(i) اَلطَّهَارَةُ وَهِيَ لُغَةً النَّظَافَةُ وَشَرْعًا اسْتِعْمَالُ طَهُورٍ مَشْرُوطٌ بِالنِّيَّةِ، وَالطَّهُورُ هُوَ الْمَاءُ وَ التُّرَابُ
قَالَ اللهُ تَعَالَى: ﴿وَ أَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا﴾
وَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : **جُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا**

(ii) اَلْأُولَى: اَلْمُضَافُ مَا لَا يَصْدُقُ عَلَيْهِ اسْمُ الْمَاءِ بِإِطْلَاقِهِ وَهُوَ طَاهِرٌ غَيْرُ مُطَهِّرٍ لِغَيْرِهِ مُطْلَقًا عَلَى الْأَصَحِّ، وَيَنْجُسُ بِالْاِتِّصَالِ بِالنَّجِسِ، وَطُهْرُهُ إِذَا صَارَ مُطْلَقًا عَلَى الْأَصَحِّ، وَ السُّؤْرُ تَابِعٌ لِلْحَيَوَانِ، وَيُكْرَهُ سُؤْرُ الْجَلَّالِ وَآكِلِ الْجِيَفِ مَعَ الْخُلُوِّ عَنِ النَّجَاسَةِ وَ الْحَائِضِ الْمُتَّهَمَةِ وَ سُؤْرُ الْبَغْلِ وَالْحِمَارِ وَ الْفَأْرَةِ وَالْحَيَّةِ وَ وَلَدِ الزِّنَا۔

(iii) اَلرَّابِعَةُ: اَلْمُطَهِّرَاتُ عَشَرَةٌ: اَلْمَاءُ مُطْلَقًا ،وَالْأَرْضُ تُطَهِّرُ بَاطِنَ النَّعْلِ وَأَسْفَلَ الْقَدَمِ، وَالتُّرَابُ فِي الْوُلُوغِ، وَالْجِسْمُ الطَّاهِرُ فِي غَيْرِ الْمُتَعَدِّي مِنَ الْغَائِطِ، وَالشَّمْسُ مَا جَفَّفَتْهُ مِنَ الْحُصُرِ وَالْبَوَارِي وَمَا لَا يُنْقَلُ، وَالنَّارُ مَا أَحَالَتْهُ رَمَادًا أَوْ دُخَانًا، وَنَقْصُ الْبِئْرِ، وَذَهَابُ ثُلُثَيِ الْعَصِيرِ، وَ الْاِسْتِحَالَةُ وَانْقِلَابُ الْخَمْرِ خَلًّا ،وَالْإِسْلَامُ ۔ وَ تَطْهُرُ الْعَيْنُ وَالْأَنْفُ وَالْفَمُ بَاطِنُهَا وَ كُلُّ بَاطِنٍ بِزَوَالِ الْعَيْنِ۔

**2**۔ درج ذیل افعال میں سے کوئی پانچ کا صیغہ ،زمانہ اور معنی بیان کریں؟

تُطَهِّرُ، جَفَّفَتْ، اَحَالَتْهُ، لَا يَصْدُقُ، يَنْجُسُ، صَارَ، يُكْرَهُ، قَالَ، أَنْزَلْنَا، جُعِلَتْ۔

**3**۔ آب مطلق اجسام کو کس سے پاک کرتا ہے۔ وہ کیونکر نجس کر جاتا ہے۔ نیز پاک کرنے کا طریقہ بھی بتائیں؟

**4**۔ شہید اول کے مطابق نجاسات کتنی ہیں اور کون کون سی؟

**5**۔ اگر کنویں کا پانی نجاست کی وجہ سے تبدیل ہو جائے تو اسے کیسے پاک کیا جائے گا؟

**6**۔ کُر کی مقدار بیان کریں؟

**7**۔ شہید اول کی سوانح حیات پر مختصر نوٹ لکھیں؟

## شفاھی امتحان۔Viva

(1) مسئلہ 1 تا 8 میں سے عربی کا ترجمہ، کوئی 2 جگہ سے۔

(2) مشکل الفاظ کے معانی۔ کوئی سے 10 الفاظ کے معانی پوچھے جائیں گے۔

(3) کوئی سے 10 افعال کا صیغہ، زمانہ اور معنی پوچھا جائے گا۔

(4) کوئی سے 10 سوال پوچھے جائیں گے۔